عبدالستار گوندل

تعارف و تبصرہ کتب

نام کتاب ——— سید جمال الدین افغانی
نام مصنف ——— شاہد حسین رزّاقی
ناشر ——— ادارہ ثقافت اسلامیہ کلب روڈ لاہور
قیمت ——— ۱۵ روپے صرف۔

زیرِ نظر کتاب علامہ سید جمال الدین افغانی کے حیات و افکار پر مشتمل ہے سید جمال الدین افغانی کا شمار ان چند نادرۂ روزگار افراد میں ہوتا ہے۔ جو مشرق و مغرب کے ذہنی افکار کے رمز شناس تھے۔ اور جنھوں نے دنیائے اسلام کے مسلمانوں میں ملی بیداری سیاسی شعور اور قومی آزادی کا جذبہ پیدا کرنے کے لیے از حد جدوجہد کی۔ افغانی کے بارے میں یہ کہنا چاہیے کہ وہ اپنی مسلسل مساعی کی بنا پر عالم اسلامی کی نشاۃ جدیدہ کے صحیح معنوں میں معمار تھے۔ ان کا زمانہ مغربی استعمار کے عروج اور اسلامی دنیا کے زوال کا زمانہ تھا۔ اور اس کا انھیں انتہائی قلق تھا۔ جو انھیں کہیں چین نہیں لینے دیتا تھا۔

وہ غیر معمولی خوبیوں کے اور بہت سی خداداد صلاحیتوں کے حامل تھے۔ علم و فضل دینی بصیرت ایمانی قوت۔ روشن خیالی۔ حریت پسندی۔ سیاسی فہم و فراست اور سحر بیانی ان کا طغرائے امتیاز تھا۔ وہ چاہتے تھے۔ کہ دینِ اسلام کو فروغ ہو اور ملتِ اسلامیہ اصلاح و ترقی کی صحیح راہوں کی طرف گام فرسائی کرے۔ اس کے لیے انھوں نے اپنے آپ کو وقف کر دیا تھا۔ وہ اس بنیادی مقصد کی تلاش میں مشرق و مغرب کے متعدد ملکوں میں گئے اور اہم شخصیتوں سے ملے۔ اس سلسلے میں ان کو بے شمار تکلیفوں کا سامنا اور سخت نامساعد حالات کا مقابلہ کرنا پڑا مگر اس مردِ مجاہد نے ہمت نہیں ہاری اور ہر موقع پر ایثار و قربانی کا بھرپور مظاہرہ کیا اس کتاب میں ان کی سعی و کوشش اور تگ و تاز کی تفصیلات خاص ترتیب اور عمدہ انداز سے بیان کی گئی ہیں۔ ہم جناب شاہد حسین رزّاقی کی اس عظیم علمی تاریخی کاوش پر انھیں ہدیۂ تبریک پیش کرتے ہیں۔